SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**
For immediate release
June 24, 2024

## ایس ای سی پی نے رئیل اسٹیٹ انویسٹمنٹ ٹرسٹ ریگولیشنز، 2022 پر مشاورتی پیپر شائع کر دیا۔

اسلام آباد، 24 جون: سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے رئیل اسٹیٹ انویسٹمنٹ ٹرسٹ ریگولیشنز، 2022 (REIT ریگولیشنز) کو مزید بہتر بنانے کی غرض سے مشاورتی پیپر شائع کیا ہے جسے رائے عامہ سے تجاویز طلب کرنے کیلئے کمیشن کی ویب سائٹ پر فراہم کر دیا گیا ہے۔

یہ پیپر ملک میں ارتقاء پذیر REIT منظر نامے کو مد نظر رکھتے ہوئے ریگولیٹری نظام کو جدید بنانے اور REIT ریگولیشنز کو بین الاقوامی معیار کے مطابق ہم آہنگ کرنے کی SECP کی کوششوں کا حصہ ہے۔ اس تجزیہ کیلئے RMCs، ٹرسٹیز اور دیگر متعلقہ فریقین کے ساتھ مشاورت کی گئی نیز تجزیہ میں بین الاقوامی سطح پر رائج طور اطوار اپنائے گئے ہیں۔

بہتری کے ممکنہ شعبوں میں ٹرسٹ ڈیڈ اور REIT اسکیم کی رجسٹریشن کا طریقہ کار؛ REIT اسکیم کے نام پر جائیداد/ایس پی وی شیئرز کی منتقلی کے لیے وقت مقررہ مدت؛ اور REIT اسکیمز کی جلد فہرست سازی کے لیے اقدامات شامل ہیں تاکہ REITs کو ایک موثر سرمایہ مارکیٹ اثاثہ بنایا جا سکے۔
RMC اور ٹرسٹی کے کرداروں اور ذمہ داریوں کو مضبوط بنانے اور مختلف REIT ڈھانچے کے درمیان ریگولیٹری فرق کو کم کرنے کے لیے تجاویز بھی طلب کی جارہی ہیں۔ شریعت سے ہم آہنگ نظام وضع کرنے کیلئے تجاویز پر بھی غور کیا جارہا ہے۔

مشاورتی پیپر پر ہر ممکنہ شعبے کی نشاندہی کے لیے تفصیلات دے دی گئی ہیں تاکہ اسٹیک ہولڈرز کو اپنی رائے دینے کے لیے مناسب پس منظر فراہم کیا جا سکے۔

اسٹیک ہولڈرز اپنی رائے/تجاویز 5 جولائی 2024 سے 9 جولائی 2024 تک REIT.Feedback@secp.gov.pk پر دے سکتے ہیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005